سَربِٹن (Surbiton) لندن میں واقع Humanity First کے نئے ہیڈکوارٹرز کا افتتاح

حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مؤرخہ 14؍ اپریل 2013ء کی شام ازراہِ شفقت سربٹن (Surbiton) لندن میں واقع ہیومینٹی فرسٹ کے نئے انٹرنیشنل ہیڈکوارٹرز کا افتتاح فرمایا۔ بلاتفریق رنگ ونسل و ذات پات کے دکھی انسانیت کی خدمت کا عزم لے کر قائم ہونے والی تنظیم ہیومینٹی فرسٹ کا قیام 1994ء میں عمل میں آیا۔ اس سے قبل اس کا مرکزی دفتر Hardwick's Way Wandsworth اور پھر طاہر ہاؤس Deer Park Road SW 19 میں واقع تھا۔

حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جب اس تقریب کے لئے بلڈنگ میں تشریف لائے تو ہیومینٹی فرسٹ کے انٹرنیشنل چیئرمین مکرم احمد یحیٰ صاحب نے اپنے رفقاء کار و دیگر جماعتی عہدیداران کے ہمراہ حضورِ انور کا استقبال کیا جن میں چیئرمین HF یو ایس اے مکرم منعم نعیم صاحب، چیئرمین HF کینیڈا مکرم اسلم داؤد صاحب وغیرہ شامل تھے۔ حضورِ انور ایدہ اللہ نے افتتاحی تختی کی نقاب کشائی فرمانے کے بعد دعا کے ساتھ اس عمارت کا افتتاح فرمایا بعد ازاں ازراہِ شفقت عمارت میں موجود گودام (warehouse) کا معائنہ فرمایا جہاں شعبہ طبی امداد و دیگر مختلف شعبہ جات کے ساز وسامان کا جائزہ لیا۔ بورڈ روم میں تشریف لے جانے سے قبل حضورِ انور نے پہلی منزل پر موجود دفاتر کا دورہ فرمایا۔ بورڈ روم میں ہیومینٹی فرسٹ کے تحت دنیا بھر میں مصیبت زدہ انسانوں کی محض انسانیت کے جذبہ سے سرشار ہو کر بجا لائی جانے والی خدمات پر مشتمل ایک presentation پیش کرنے کا انتظام کیا گیا تھا۔ اس مختصر رپورٹ کے مطابق اب تک:

✿...... دنیا بھر میں قدرتی آفات سے متاثرہ قریباً 500,000 مصیبت زدگان کی مدد کی جا چکی ہے۔

✿......افریقہ، لاطینی امریکہ اور ایشیا میں 130,000 افراد میڈیکل کیمپس سے استفادہ حاصل کر چکے ہیں۔ اس تنظیم کے زیرِ انتظام منعقد ہونے والے میڈیکل کیمپس کی ایک انفرادیت یہ بھی ہے کہ نادار مریضوں کے معائنے اور دوا تجویز و فراہم کر دینے کے ساتھ ساتھ لوکل ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کو بھی بہتری کے لئے ٹریننگ دی جاتی ہے۔

✿......بینن کے شہر پورتو نووو میں ایکسرے اور ایم آر آئی کی سہولیات سے آراستہ ایک نئے ہسپتال کا اجراء ہو چکا ہے۔

✿...... "Learn A Skill" پروگرام کے تحت دنیا بھر میں 30 ٹریننگ سنٹرز کھولے جا چکے ہیں نیز 35,000 سے زائد لوگ ان ادارہ جات سے انفارمیشن ٹیکنالوجی، سلائی کڑھائی، معماری، تجارت وغیرہ کے کورسز میں سرٹیفیکیٹ حاصل کر چکے ہیں۔ حضورِ انور ایدہ اللہ نے منرووِیا (لائبیریا) اور بوڈاکا (یوگنڈا) میں واقع سنٹرز کی مزید تفصیلات دریافت فرمائیں۔

✿...... "Gift of Sight" پراجیکٹ جس کے تحت گزشتہ 2؍سالوں کے دوران 2,000 کے لگ بھگ سفید و کالے موتیا کے مریضوں کے آپریشنز کیے گئے۔

✿......"Water For Life" پراجیکٹ جس کے تحت کسی قدر IAAAE کے تعاون سے 19 ممالک میں 1,100 سے زائد صاف پانی مہیا کرنے کی تنصیبات لگائی گئیں جن سے اب 2,400,000 افراد صاف پانی کی لازوال نعمت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ کشمیر اور برازیل میں بڑے پیمانے پر بعض پراجیکٹس پر کام کیا گیا ہے۔

✿......"Feed A Village" پراجیکٹ کے تحت افریقہ و دنیا کے دیگر پسماندہ علاقوں میں آباد گاؤں میں بسنے والے غریب کسانوں کو کھیتی باڑی سے متعلق ساز و سامان اور اسے درست طور پر استعمال کرنے کی بابت ٹریننگ دی گئی تاکہ وہ اپنی مدد آپ کے تحت اپنے ماحول میں اگنے والی فصلوں کی نہ صرف کاشت کر سکیں بلکہ انہیں بہتر طور پر پروسیس کرنے اور ذخیرہ کرنے کی صلاحیت بھی ان میں پیدا ہو سکے۔ اب تک ہیومینٹی فرسٹ 175,000 لوگوں کو یہ امداد مہیا کر چکی ہے۔

✿...... یہ دن اس لئے بھی ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ اس دن فوڈ بنک (Food Bank) پروجیکٹ کی شاخ یوکے میں متعارف کروائی گئی۔ اس پراجیکٹ کے تحت غرباء میں مناسب مالیت کے راشن پیک وغیرہ مستقل بنیادوں پر تقسیم کیے جائیں گے۔ اس سے قبل Food Bank کی امریکہ میں 5 جبکہ کینیڈا میں 4 شاخیں قائم ہیں۔

✿......بینن میں بننے والے یتیم خانہ پر کام مکمل ہو چکا ہے اور انشاء اللہ اس ادارے میں 100 یتامیٰ کی دیکھ بھال کی جا سکے گی۔

✿......"Knowledge For Life" پروگرام کے تحت گزشتہ 3؍سالوں میں 100,000 سے زائد طلباء کو کتب اور سائنس لیب وغیرہ کی سہولیات مہیا کی گئیں۔ ہیومینٹی فرسٹ کو 3 سکول بالترتیب مالی، ہیٹی اور پاکستان میں نیز 27 سکول سیرالیون میں کھولنے کی سعادت بھی ملی۔

حضورِ انور کی خدمت میں یہ رپورٹ بھی پیش کی گئی کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اب تک ہیومینٹی فرسٹ دنیا کے 41 ممالک میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہو چکی ہے اور مزید 2 ممالک میں رجسٹریشن کے لئے کارروائی جاری ہے۔

اس presentation کے بعد بورڈ روم اور ہیومینٹی فرسٹ مسرور سینئر سیکنڈری سکول گیمبیا کے درمیان براہِ راست مواصلاتی رابطہ قائم کیا گیا جہاں سے سکول کے پرنسپل اور سٹاف ممبران نے حضورِ انور کی خدمت میں سکول کا live معائنہ پیش کیا۔ بعد ازاں محترم امیر صاحب گیمبیا نے حال ہی میں سکول کے گراؤنڈ میں منعقد ہونے والے جماعت احمدیہ گیمبیا کے جلسہ سالانہ کی تفصیلات بیان کیں۔

اس presentation کے دوران معزز مہمانانِ گرامی کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔ حضورِ انور نے بعد ازاں نمازِ عصر بھی اسی بلڈنگ میں پڑھائی۔ اس کے بعد ہیومینٹی فرسٹ کے مختلف شعبوں کے کارکنان نے حضورِ انور ایدہ اللہ کے ہمراہ گروپ فوٹو بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہیومینٹی فرسٹ کا اس عمارت میں منتقل ہونا ہر لحاظ سے بابرکت ہو نیز پہلے سے بڑھ کر اور بہتر طور پر خدمتِ انسانی کی توفیق ملے۔ آمین